
2
نظمیں

چچُوں چاچا



چچُوں چچُوں چاچا
گھڑی پہ چُوہا ناچا

گھڑی نے ایک بجایا
چُوہا نیچے آیا


ثریّا کی گڑیا

ثریّا کی گڑیا نہانے لگی
نہانے لگی ڈوب جانے لگی
بڑی مشکلوں سے بچایا اُسے
کنارے پہ مَیں کھینچ لایا اُسے



آلو کچالو

آلو کچالو میاں، کہاں گئے تھے
سبزی کی ٹوکری میں سو رہے تھے
بینگن نے لات ماری رو رہے تھے
گاجر نے پیار کیا ہنس پڑے تھے



ٹمّک ٹالا

ٹمّک ٹالا ٹمّک ٹالا
بلّی کا منہ ہو گیا کالا
مُرغی بولی غُوں غُوں چُوزہ بولا چُوں چُوں چُوں
مُرغا بولا ککڑوں کُوں



گُڑیا بھولی بھالی



گُڑیا میری بھولی بھالی
نِیلی نِیلی آنکھوں والی
گود میں لو تو آنکھیں کھولے
مِیٹھی مِیٹھی بولی بولے
گود سے اُترے چُپ ہو جائے
آنکھیں بند کرے سو جائے
کِھیلتے دیکھا سوتے دیکھا
کبھی نہ اس کو روتے دیکھا
گُڑیا میری بھولی بھالی
نِیلی نِیلی آنکھوں والی

وقت

اُٹھو بیٹا! آنکھیں کھولو
بستر چھوڑو اور منہ دھولو
اتنا سونا ٹھیک نہیں
وقت کا کھونا ٹھیک نہیں
سورج نکلا تارے بھاگے
دنیا والے سارے جاگے



اس سلسلے کی دیگر کُتب





CHILDREN PUBLICATIONS®
14, Tariq Plaza, Nazimabad #4, Karachi, Pakistan.
Ph: 36623489, Fax: 36608879, Cell: 03009292426
E-mail: childrenpublications786@gmail.com
CHILDREN'S BOOK FAIR.

REF: NAZMAIN 2 - 789 - 01
Rs. 40/-